# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**
**www.facebook.com/AgriDepartment**


## پریس ریلیز

**حکومت پنجاب کی ہدایات پر محکمہ زراعت زرعی کھادوں کی آسان دستیابی اور پرائس کنٹرول کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لارہا ہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد**

**ڈیجیٹل گرداوری کا نظام یکم اگست 2022 سے صوبہ بھر میں نافذ العمل کیا جارہا ہے۔**

**لاہور 27 جولائی 2022:** ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے بتایا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات پر محکمہ زراعت زرعی کھادوں کی آسان دستیابی اور پرائس کنٹرول کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لا رہا ہے۔اس ضمن میں محکمہ زراعت نے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون سے ڈیش بورڈ تشکیل دیا گیا ہے جس کے ذریعے کھادوں کی ترسیل اور کوٹہ کو مانیٹر کیا جائے گا۔ای فرٹیلائزر یا ڈیجیٹل گرداوری کا نظام یکم اگست 2022 سے صوبہ بھر میں نافذ العمل کیا جارہا ہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے مزید بتایا کہ اس نظام کے تحت صوبہ بھر میں کھاد ڈیلرز کے پاس موجود کوٹہ اور سیلرز کے نظام کو شفاف انداز میں مانیٹر کیا جائے گا۔ڈیجیٹل گرداوری کے ذریعے کاشتکاروں کو گھر بیٹھے ایس ایم ایس کے ذریعے یوریا کھاد کے کوٹہ اور قریبی سینٹر کے متعلق تفصیلات ارسال کی جائیں گی۔اس نظام کے تحت کاشتکار یوریا کھاد کے حصول کیلئے اپنے موبائل فون سے اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر urea<space>CNIC لکھ کر 8070 پر ایس ایم ایس کریں گے۔کاشتکار گرداوری ریکارڈ میں تصحیح وترمیم کیلئے اپنے قریبی اراضی ریکارڈ سینٹر سے رابطہ کریں گے۔ڈیجیٹل گرداوری کے نظام سے ہر کاشتکار اپنے مقرر کردہ کوٹہ کے مطابق یوریا کھاد کا مقرر کردہ قیمت پر حصول کر سکے گا اور زرعی کھادوں کی بلیک مارکیٹنگ وزائد قیمت جیسے مسائل پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔کھادوں کی عدم دستیابی یا زائد قیمت پر فروخت کے متعلق کاشتکار زرعی ہیلپ لائن 17000-0800 پر بروز سوموار تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک کال کر کے اپنی شکایت درج کروائیں گے۔

☆☆☆☆